# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Urdu Grade 4

**School Name:** ______________________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : a | Q. No.2 : a | Q. No.3 : c |
| Q. No.4 : b | Q. No.5 : a | Q. No.6 : b |
| Q. No.7 : c | Q. No.8 : a | Q. No.9 : d |
| Q. No.10 : b | | |

## ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر11:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

ان اشعار میں گلہری پہاڑ سے کہتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے بڑا ضرور بنا دیا ہے مگر مجھے درخت پر چڑھنا سکھا دیا ہے۔ تیرے پاس تو قدم اٹھانے کی طاقت ہی نہیں ہے۔ صرف قد بڑا ہے اور تیرے پاس کچھ نہیں ہے۔ اگر واقعی تو بڑا ہے تو مجھے اپنا کوئی ہنر تو دکھا۔ ایسے کر و صرف چھالیا ہی توڑ کر دکھا دو۔ اس زمانے میں کوئی چیز بے کار نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اگر دنیا میں کوئی چیز بے فائدہ نہیں بنائی۔

:روبرکس

| روبرک: مارکنگ سکیم: اشعار کی نثر کل نمبر:10 | | | |
|---|---|---|---|
| کل اشعار4 | ہر شعر کی نثر واضح کرنے پر:2.5 نمبر | ہر شعر کی نثر ادھوری ہو تو:1 تا2 نمبر | ہر شعر کی نثر بالکل غلط ہو تو0 نمبر |
| | | | |

سوال نمبر12:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب
ابا جان کے نام خط لکھ کر اپنی صحت کا بتائیں۔
کمرہ امتحان

2مارچ2022

پیارے ابا جان
!السلام علیکم
آپ کا خط ملا جس میں آپ نے میری صحت کے بارے میں پوچھا۔ میرے نوماہی امتحان ہو رہے تھے اس لیے جلد جواب نا لکھ سکا۔ آپ کو بتا کر خوشی ہو رہی ہے کہ میں نوماہی امتحان میں اپنی جماعت میں اول آیا ہوں۔ موسم کی وجہ سے تھوڑا زکام تھا مگر میں پوری طرح پرہیز کر رہا ہوں ان شاء اللہ ایک دو دن تک ٹھیک ہو جاں گا۔
والسلام
آپ کا پیارا بیٹا
انیق علی

| ابتدائیہ: 03 نمبر | مارکنگ سکیم: خط لکھنا: (کل نمبر 10) | | |
|---|---|---|---|
| الف: مقامِ روانگی (01 نمبر) | کمرہ امتحان، امتحانی مرکز،، سنٹر وغیرہ / شہر گاؤں وغیرہ کا نام: 01 نمبر | اگر جزوی درست لکھا ہو: صرف امتحان ، شہر، گاؤں لکھا ہو: 0.5 نمبر | بالکل نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے: 0 نمبر |
| ب: تاریخ: 01 نمبر | تاریخ کو صحیح لکھنا:<br>۸ فروری ۲۰۲۲ء<br>۸ فروری ۲۰۲۲<br>۸- فروری ۲۰۲۲ء<br>فروری 82022<br>8- فروری 2022ء<br>مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے (01 نمبر) | 8 فروری ۲۰۲۲ء<br>۸- فروری 2022ء<br>فروری ۲۰۲۲ء<br>۸ فروری<br>مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے (0.5 نمبر) | 08/02/2022<br>08/02/2022<br>۰۸/۰۲/۲۰۲۲<br>۰۸-۰۲-۲۰۲۲<br>۰۸_۰۲_۲۰۲۲ وغیرہ طریقہ سے لکھے تو صفر 0 نمبر |
| القابات / طرزِ تخاطب (01 نمبر) | علامت ندائیہ کے ساتھ لکھے گئے ہوں مثلاً میرے پیارے بھائی! وغیرہ 01 نمبر | اگر القاب یا علامت ندائیہ دونوں میں سے ایک درست ہو: 0.5 نمبر | القاب یا علامت ندائیہ دونوں بالکل غلط ہوں یا نہ لکھے ہوں: 0 نمبر |
| نفسِ مضمون: 05 نمبر | | | |
| الف؛ نفسِ مضمون (03 نمبر) | خط کا نفسِ مضمون عام فہم ہو، جملوں کی ساخت درست ہو اور جملے باہم مربوط ہوں: 03 نمبر | خط کا نفس مضمون عام فہم ہو جملوں کی ساخت ہو اور جملے مربوط ہوں:<br>اگر دو اجزا درست ہوں: 02 نمبر<br>اگر ایک جز درست ہو: 01 نمبر | تینوں اجزا بالکل غلط ہوں: 0 نمبر |
| (ب) گرامر اور رموزِ اوقاف (02 نمبر) | افعال کا زمانے کے لحاظ سے استعمال درست ہو اور رموزِ اوقاف کا درست استعمال ہو: 02 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 01 نمبر | افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر |
| اختتامیہ: 02 نمبر | | | |
| (الف) نام (01 نمبر) | حروف ابجد (اب ج) / صرف طالب علم / طالبہ / نام (اسد / آمنہ وغیرہ) / رول نمبر (23/۲۳) 01 نمبر | حروف اے بی سی / حروف۔ ایکس۔ وائی۔ زیڈ / لکھے ہوں: 0.5 نمبر | بالکل غلط لکھا ہو: 0 نمبر |
| (ب) پتا (01 نمبر) | جماعت اور سکول کا نام / گھر کا پتا / پوسٹ بکس نمبر / کسی رشتہ دار یا دوست کا پتا وغیرہ: 01 نمبر | حروف ابجد (اب ج) / اے بی سی / حروف۔ ایکس۔ وائی۔ زیڈ / صرف جماعت / صرف سکول کا نام یا ادھورا پتا لکھا ہو: 0.5 نمبر | بالکل غلط لکھا ہو: 0 نمبر |

سوال نمبر13:

---

آیٹم روبرک (اردو):

سننے کا امتحان (10 نمبر)

ممتحن کے لیے ہدایات:

ممتحن کمرے کو شور اور خلفشار سے پاک بنائے گا۔

ممتحن کی جانب سے طالب علم کو آگاہ کیا جائے گا کہ وہ ایک پیراگراف کو دو مرتبہ پڑھنے جا رہے ہیں۔لہذا پیراگراف کو توجہ اور یکسوئی سے سنا جائے۔

ممتحن پیراگراف کے متن کو دو مرتبہ اونچی آواز میں پڑھے گا۔

پیراگراف پڑھنے کے بعد ممتحن دیے گئے سوالات کو ایک ایک کے وقفہ سے طالب علم کے سامنے دہرائے گا۔

ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ طالب علم کی جانب سے ہر سوال کا جواب مقررہ وقت میں دینے کے بعد ہی اگلا سوال پوچھا جائے۔

ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام سوالات طالب علم کو بآسانی سمجھ آ گئے ہیں اور وہ جواب دینے کے قابل ہے۔

ہر طالب علم کو 5 سے 7 منٹ کا وقت مہیا کیا جائے گا کہ وہ تمام سوالات کے جوابات تسلی سے دے سکے۔

عزیز طلبہ! آپ کو ایک عدد پیراگراف پڑھ کر سنایا جائے گا۔ آپ پیراگراف غور سے سنیں۔ پیراگراف سننے کے بعد زبانی پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

ایک کوے کو پیاس محسوس ہوئی تو وہ پانی کی تلاش میں اِدھر اُدھر اڑا۔ جب اسے پانی نہ ملا تو اس کی پریشانی میں اضافہ ہو گیا۔ اڑتے اڑتے وہ ایک جنگل میں گیا۔ وہاں اس نے ایک گھڑا دیکھا۔ وہ بہت خوش ہو گیا کہ آخر کار اسے پانی مل گیا ہے۔ وہ پانی پینے لگا تو اس کی چونچ پانی تک نہ پہنچ سکی کیوں کہ گھڑے میں پانی کم تھا۔ اسے ایک ترکیب سوجھی۔ پاس ہی کچھ کنکریاں پڑی ہوئی تھیں۔ کوے نے ایک ایک کر کے کنکریاں پانی میں ڈالنے لگا۔ پانی اوپر آ گیا۔ کوے نے پانی پیا اور خوشی خوشی اڑ گیا۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ محنت کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔

سوال 1: کوا جنگل میں کیوں پہنچا؟

سوال 2: کوے کی پریشانی کی وجہ کیا تھی؟

سوال 3: گھڑے میں چونچ کیوں نہیں پہنچی؟

سوال 4: کوے نے پانی پینے کے لیے کیا ترکیب استعمال کی؟

سوال 5: عبارت کا موزوں عنوان کیا ہو گا؟

نمونہ جوابات

جواب 1: کوا پانی کی تلاش میں جنگل نکل گیا تھا۔

جواب 2: گھڑے میں پانی کم تھا۔

جواب 3: چونکہ گھڑا نیچے کو بڑا ہوتا ہے اس لیے چونچ وہاں تک نہیں پہنچی۔

جواب 4: گھڑے میں پتھر کی کنکریاں ڈالیں تاکہ جس سے پانی اوپر آ گیا۔

جواب 5: ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔

روبرکس:

| سننا مہارت کے متعلقہ سوالات کی روبرکس: کل نمبر 10 | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 2 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 3 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 4 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 5 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| | | | |